رہبر معظم کے قول کو نقل کرنے سے متعلق رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفترکی طرف سے توضیحات - 6 /Aug/ 2008

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رہبر معظم کے دفتر کے ایک باخبر اہلکار اور مسؤل نے اعلان کیا ہے:

رہبر معظم کے ساتھ صدر جمہوریہ کی ملاقاتیں مکمل طور پر خصوصی ہوتی ہیں اور قدرتی طور پر ان ملاقاتوں کے دوران جن مسائل پر بحث و گفتگو اور تبادلہ خیال کیا جاتا ہے وہ خصوصی ملاقات سے متعلق حکم کے تابع ہے اور کوئی شخص اس کو نقل یا اس میں تحریف نہیں کرسکتا اورصرف خاص شرائط کے علاوہ ان کے بارے میں دسترسی ممکن نہیں ہوتی لہذا دفتر اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ جناب صدر نے رہبر معظم کے حوالے سے کابینہ کے لئے پیش کئے گئے اراکین کے متعلق جو بات نقل کی ہے وہ ان مذاکرات کی روشنی میں کی ہے جو اس سلسلے میں انجام پائے ہیں اور اس کا مضمون وہی "عدم مخالفت " ہے جو صدر نےذکر کیا ہے۔

تمام دوستوں اور عزیزوں بالخصوص ذرائع ابلاغ سے درخواست ہے کہ وہ رہبر معظم کےدفتر کے رابطہ عامہ کی باقاعدہ تائید سے قبل رہبر معظم انقلاب اسلامی سے منسوب قول کو نقل کرنے سے بالکل پرہیز کریں ۔